DAILY EXPRESS, ISLAMABAD - SATURDAY, MAY 25, 2024

شفا
انٹرنیشنل
ہسپتال لمیٹڈ

# نوٹس برائے
# غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام (ای او جی ایم) بروز ہفتہ 15 جون 2024، کو دن 11:00 بجے سیکٹر ایچ ایٹ / فور اسلام آباد میں کمپنی کے رجسٹرڈ آفس (C-0 آڈیٹوریم) میں درج ذیل کاروبار کی انجام دہی کے لیے منعقد کیا جائے گا:

**عام کاروبار:**

۱۔ 27 اکتوبر 2023 کو بلائے گئے کمپنی کے 37 ویں سالانہ اجلاس عام کی روداد کی تصدیق کرنا۔

۲۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمپنیز ایکٹ 2017 کی شق (1) 159 کے تحت دس (10) ڈائریکٹرز کا آئندہ تین سال کیلئے انتخاب، جس کا آغاز 15 جون 2024 سے ہوگا۔ سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام ڈاکٹر حبیب الرحمان، ڈاکٹر منظور ایچ قاضی، جناب محمد زاہد، جناب قاسم فاروق احمد، ڈاکٹر سمیعہ کوثر احمد، سید الیاس احمد، پروفیسر ڈاکٹر شعیب احمد خان، ڈاکٹر محمد نسیم انصاری، جناب جاوید کے۔ صدیقی اور ڈاکٹر ایان-پی۔ کلیٹن-جونز ہیں۔

**خصوصی کاروبار:**

۳۔ شیئر ہولڈرز کی طرف سے درج ذیل خصوصی قراردادوں پر غور کرنا۔ اگر وہ مناسب ہوں تو انہیں اسی شکل میں یا مناسب ترمیم کیساتھ منظور کرنا:

طے پایا کہ منصوبے کی لاگت میں اضافے کے پیش نظر قرارداد کی منظوری کی تاریخ سے تین سال کے عرصے میں کمپنی، شفا نیشنل ہسپتال فیصل آباد (پرائیویٹ) لمیٹڈ (ایس این ایچ ایف)، جو کمپنی کا ایک ذیلی ادارہ ہے، میں پہلے سے منظور شدہ 1,582,279,120 روپے کی ایکویٹی سرمایہ کاری کے علاوہ ادا شدہ سرمائے میں 1.606 ارب روپے کی اضافی سرمایہ کاری کرنے کی مجاز ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے۔

مزید طے پایا کہ ایس این ایچ ایف میں سرمایہ کاری کے سلسلے میں کمپنی درج ذیل امور کی مجاز ہے اور اس کی منظوری دی جاتی ہے:

الف) ایس این ایچ ایف اور اس کے دیگر حصص داروں کے ساتھ کسی بھی معاہدے میں شامل ہونا: اور

ب) لاگو قوانین کے مطابق ایس ای سی پی، سی سی پی (اگر ضرورت ہو)، اسٹیٹ بینک آف پاکستان (اگر ضرورت ہو) اور کسی دوسرے ریگولیٹری اداروں کے ساتھ متعلقہ فائلنگ یا معلومات جمع کروانا یا ان کی رضامندی حاصل کرنا۔

مزید طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر ذیشان بن اشتیاق (مجاز شخص) اور/یا کمپنی کا کوئی بھی افسر جو اس سلسلے میں ان کی طرف سے مجاز بنایا جائے، ایسے تمام کاموں، معاملات اور چیزوں کو کرنے یا ان کی سے اجازت دینے کا مجاز ہے جو ان قراردادوں پر عملدرآمد اور اس کے نتائج کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ دیگر معاہدوں پر عملدآمد کے لیے ضروری ہوں، ان قراردادوں کو مکمل طور پر نافذ کرنے کے لیے مجاز شخص کی طرف ضروری یا مطلوبہ سمجھے جانے والے انسٹرومنٹس، مواصلات، سرٹیفکیٹس، نوٹسز، اعتراف یا دیگر دستاویزات کمپنی کی طرف سے تیار یا فراہم کرنے کی ضرورت ہو۔

مزید طے پایا کہ مجاز شخص اور/یا ان کی طرف سے باضابطہ طور پر مجاز کمپنی کا کوئی بھی افسر کمپنی کے شیئر ہولڈرز سمیت تمام متعلقہ فریقین کو ان قراردادوں کی مصدقہ کاپی فراہم کرنے کا مجاز ہے۔

مزید طے پایا کہ یہ قرارداد اس وقت تک پوری قوت اور اثر کے ساتھ نافذ العمل رہے گی جب تک کسی اور قرارداد کے ذریعے اس میں ترمیم نہیں کی جاتی یا اسے منسوخ نہیں کیا جاتا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 134(3) کے تحت مادی حقائق کا بیان او کمپنیز (ایسوسی ایٹیڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹیڈ انڈرٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز، 2017 کے تحت درکار معلومات اس نوٹس کے ساتھ بھجوا دیا ہے۔

بحکم بورڈ

Sd/-

محمد نعیم

کمپنی سیکرٹری

اسلام آباد

23 مئی 2024

**نوٹ:**

**i) عملی طور پر یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے ای او جی ایم میں شرکت**

ویڈیو لنک کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے خواہش مند شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ درج ذیل معلومات جلد از جلد muhammad.naeem@shifa.com.pk پر ارسال کریں تاہم کسی تاخیر کی صورت میں بھی اس کام کو غیر معمولی اجلاس عام کے وقت سے 48 گھنٹے قبل یعنی 13 جون 2024 کی صبح 11:00 بجے تک مکمل کیا جا سکے۔

| ای میل ایڈریس | موبائل فون نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | قومی شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈر کا نام |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ بروقت رابطے کو یقینی بنانے کے لیے اپنا ایکٹو موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس شیئر کریں۔

جو اراکین 13 جون 2024، کو یا اس سے پہلے رجسٹرڈ ہیں، انہیں ضروری تصدیق کے بعد کمپنی کی طرف سے واپسی ای میل کے ذریعے زوم ویڈیو لنک بھیجا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت ای او جی ایم کی تاریخ کو 10:55 بجے دن سے میٹنگ کے اختتام تک برقرار رہے گی۔

**ii) حصص کی منتقلی کی بندش**

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 08 جون 2024 سے 15 جون 2024 تک (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ اس مدت کے دوران رجسٹریشن کے لیے کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ 07 جون 2024 بروز جمعہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے دفتر یعنی ایم/ایس کارپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل ماڈل ٹاؤن، لاہور میں کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی شیئرز منتقلی کی درخواستوں کو میٹنگ میں شرکت اور ووٹ ڈالنے کے مقصد کے لیے بروقت سمجھا جائے گا۔

**iii) پراکسی کی تقرری**

میٹنگ میں شرکت اور ووٹ کے اہل رکن کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اپنی جگہ کسی اور رکن کو میٹنگ میں شامل ہونے اور ووٹ دینے کے لیے اپنی پراکسی کے طور پر مقرر کرے۔ اس کے لیے میٹنگ سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس سیکٹر ایچ-ایٹ/فور اسلام آباد میں پراکسی کی اطلاع موصول ہونا ضروری ہے۔ نوٹس کے ساتھ پراکسی فارم منسلک ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر 1 میں شامل درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (سی ڈی سی) کے انویسٹر اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:

پراکسی کے تقرری کے لیے

الف) افراد کے معاملے میں وہ اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قواعد و ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، مندرجہ بالا لوازمات کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔ پراکسی فارم کے لیے دو افراد کی گواہی لازمی ہوگی۔ ان کے نام، پتہ جات اور قومی شناختی کارڈ نمبر پراکسی فارم پر درج ہوں گے۔ فائدہ اٹھانے والے مالکان اور پراکسی، دونوں کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی فوٹو کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

ب) کارپوریٹ اداروں کے معاملے میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی جس میں کارپوریٹ ادارے کی نمائندے اور ووٹ دینے کے لیے نامزد شخص کے نمونے کے دستخط ہوں، کمپنی کو پراکسی فارم کے ساتھ پیش کیا جائے گا (بشرطیکہ یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

## iv) ڈائریکٹرز کا انتخاب

جیسا کہ بورڈ نے مورخہ 25 اپریل 2024ء کو ایک قرارداد کے ذریعے طے کیا ہے کہ منتخب ڈائریکٹرز کی تعداد 10 ہوگی، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کے ریگولیشن 7A کی دفعات کے مطابق ڈائریکٹرز کا انتخاب درج ذیل کیٹگریز میں ہوگا۔

| نمبر شمار | کیٹگریز | اسامیوں کی تعداد |
|---|---|---|
| 1 | خاتون ڈائریکٹر | 1 |
| 2 | آزاد ڈائریکٹرز | 3 |
| 3 | دیگر ڈائریکٹرز | 6 |

- ایکٹ کی دفعہ 167 کے تحت کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے فارم 9 کے دستخط شدہ ضمیمہ پر ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی، بمع فعال قومی شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ٹیکس دہندگان کے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی۔
- ایس ای سی پی کے ایس آر او 1196 (1) 2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے تحت سرکاری ایڈریس کے ساتھ ایک تفصیلی پروفائل (کمپنی کی ویب سائٹ پر تعیناتی کے لیے)۔
- دستخط شدہ اعلان کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض اور اختیارات، کمپنی کی ایسوسی ایشن کے میمورنڈم اور آرٹیکلز، پاکستان اسٹاک ایکسچینج کی رُول بک اور لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور دیگر متعلقہ قوانین اور ضوابط سے آگاہ ہے۔

اس سلسلے میں وہ یہ بھی اعلان کرتا ہے کہ وہ:

الف) تمام قابل اطلاق قوانین وضوابط بشمول سی سی جی ضوابط اور اہلیت کے معیار کی ضروریات کو محدود کیے بغیر، جیسا کہ ایکٹ کے سیکشن 155 اور سیکشن 156 میں بیان کیا گیا ہے، لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کیلئے اہل ہے۔

ب) ایکٹ یا کسی دوسرے قابل اطلاق قانون کی دفعہ 153 اور 177 کے تحت کسی لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

ج) بیک وقت سات (7) سے زیادہ لسٹڈ کمپنیوں میں بطور ڈائریکٹر، بشمول متبادل ڈائریکٹر کام نہیں کر رہا۔

د) کمپنیز ایکٹ 2017، کمپنی کی ایسوسی ایشن کے میمورنڈم اور آرٹیکلز اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹرز کے فرائض سے آگاہ ہے۔

- آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب لڑنے کی صورت میں وہ اقرار نامہ جمع کرائے گا کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 اور اس کے تحت جاری کردہ قواعد وضوابط کے مطابق اہلیت اور آزادی کے معیار پر پورا اُترتا ہے۔
- امیدواران سے درخواست ہے کہ وہ ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلق دفعات/تقاضوں کو اچھی طرح پڑھیں، جیسا کہ ایکٹ اور سی سی جی ضوابط، قابل اطلاق قوانین وضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔ ان کی مکمل تعمیل کو یقینی بنائیں۔

## v) خصوصی ایجنڈا آئٹمز کے لیے ووٹنگ کا طریقہ کار

مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور ایس آر او 2022/(I) 2192 مورخہ 05 دسمبر 2022 کو اعلان کردہ ترامیم کے مطابق، ممبران کو مذکورہ بالا ضوابط میں بیان کردہ شرائط کے مطابق ان امور میں حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت ہوگی:

- غیر معمولی اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کے لیے
- ڈائریکٹرز کا انتخاب، جہاں مذکورہ ضوابط میں بیان کردہ شرط کے مطابق مقابلہ کرنے والوں کی تعداد منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد سے زائد ہو؛

الف) ای ووٹنگ کا طریقہ کار

- ای ووٹنگ کی سہولت کی تفصیلات کمپنی کے ان تمام ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کردی جائیں گی جن کے درست موبائل فون نمبر/ای میل ایڈریس مقررہ وقت کے اندر کمپنی ممبران کے رجسٹر میں دستیاب ہوں گے۔
- ویب ایڈریس اور لاگ ان کی تفصیلات ممبران کو ای میل کے ذریعے فراہم کی جائیں گے۔ سیکیورٹی کوڈز ایس ایم ایس کے ذریعے ایم/ایس کارپلنک (ای ووٹنگ سروس فراہم کنندہ ہونے کے ناطے) کے ویب پورٹل سے مہیا کیے جائیں گے۔
- ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھنے والے اراکین کی شناخت کی تصدیق الیکٹرانک دستخطوں یا لاگ ان کے ذریعے کی جائے گی۔
- ای ووٹنگ کی سہولت 12 جون 2024، صبح 09:00 بجے شروع ہوگی اور 14 جون 2024 کو شام 05:00 بجے تک جاری رہے گی۔ ممبران اس مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ کسی رکن کی طرف سے قرارداد پر ایک بار ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ب) پوسٹل بیلٹ

- اراکین اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ساتھ ٹھیک طرح سے بھرے ہوئے اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر میٹنگ کے چیئرمین کے نام کمپنی کے رجسٹرڈ ایڈریس، شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ، سیکٹر ایچ ایٹ/فور، اسلام آباد یا ای میل chairman@shifa.com.pk پر غیر معمولی اجلاس عام سے ایک دن پہلے، یعنی 14 جون 2024ء کو اوقات کار کے دوران موصول ہو جائیں۔ بیلٹ پیپر پر دستخط کو قومی شناختی کارڈ کے دستخط سے ملایا جائے گا۔

## vi) پتہ کی تبدیلی

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ ایڈریس میں کسی بھی تبدیلی کی اطلاع فوری طور پر دیں۔

## vii) ویڈیو کانفرنس کی سہولت

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2) 132 کے مطابق کسی خاص مقام پر رہنے والے شیئر ہولڈرز کی 10 فیصد تعداد اگر ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کی خواہشمند ہو تو وہ میٹنگ کی مقررہ تاریخ سے کم از کم 7 دن پہلے مطلع کرے۔ ایسے میں کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی، بشرطیکہ اس جگہ اس کی سہولت دستیاب ہو۔
اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے براہ کرم اپنی درخواست کمپنی سکریٹری کو اس ایڈریس پر جمع کروائیں: شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ، سیکٹر ایچ-ایٹ/فور، اسلام آباد

## viii) غیر معمولی اجلاس عام کا قانونی ضابطہ اخلاق

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 215 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ضابطہ 55 کے مطابق شیئر ہولڈرز کے لیے ضابطہ اخلاق درج ذیل ہیں:

شیئر ہولڈرز کو ایسے فیصلوں کے لیے براہ راست انتظامیہ سے رجوع کرنے یا اثر ورسوخ استعمال کرنے کی اجازت نہیں جس کی وجہ سے انتظامیہ کے لیے ہموار طریقے سے کام کرنے میں رکاوٹیں پیدا ہو سکتی ہوں۔
قانون کے مطابق شیئر ہولڈرز اپنے ساتھ ایسی چیزیں نہیں لائیں گے جس سے شرکاء یا اس احاطے کو خطرہ ہو جہاں ای او جی ایم منعقد ہو رہی ہو۔

وہ ای او جی ایم کے نوٹس میں شامل ایجنڈا آئٹمز تک محدود رہیں گے۔

وہ اپنی سیاسی یا مذہبی رائے کا اظہار اس طرح نہیں کریں گے جس سے دیگر ارکان کے جذبات مجروح ہوں۔

مزید برآں کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 185 کے مطابق اپنی میٹنگز میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

## iX) فزیکل شیئرز کا سینٹرل ڈپازٹری میں جمع کرنا:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق اور ایس ای سی پی کی طرف سے اپنے خط نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ 2021 کے ذریعے جاری کردہ ہدایت کے مطابق، ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو ایس ای سی پی کی طرف سے مقرر کردہ تاریخ سے بک انٹری فارم میں اتنے عرصے کے اندر تبدیل کرنا ہوگا جو ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ یعنی 30 مئی 2017 سے چار برس کے اندر اندر ہو۔

مندرجہ بالا ضرورت کے پیش نظر، فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ براہ راست یا سی ڈی سی کے ساتھ سرمایہ کار اکاؤنٹ یا کسی بروکر کے ساتھ کھولیں تاکہ ان کے فزیکل شیئرز کو جلد از جلد بک انٹری فارم میں تبدیل کیا جا سکے۔

شیئر ہولڈرز کسی بھی سوال/معلومات کے لیے کمپنی یا شیئر رجسٹرار سے درج ذیل پتہ جات/فون نمبروں پر رابطہ کر سکتے ہیں:

| کمپنی کا رجسٹرڈ آفس | شیئر رجسٹرار آفس |
|---|---|
| شفا انٹرنیشنل ہسپتال لمیٹڈ | ایم/ایس کورپ لنک (پرائیویٹ) لمیٹڈ |
| سیکٹر ایچ-ایٹ/فور، اسلام آباد | ونگز آرکیڈ، K-1، کمرشل، ماڈل ٹاؤن، لاہور |
| فون نمبر 8464227-51-92+ | فون نمبر 35916714-42-92+ |